آلو میاں آلو میاں
آلو کچالو بیٹا کہاں گئے تھے
بینگن کی ٹوکری میں سو رہے تھے
بینگن نے لات ماری رو رہے تھے
امی نے پیار کیا ہنس رہے تھے
پاپا نے پیسے دیے ناچ رہے تھے
بھیا نے لڈو دیے کھا رہے تھے

عذرا کی گڑیا
عذرا کی گڑیا نہانے لگی
نہانے لگی ڈوب جانے لگی
بڑی مشکلوں سے بچایا اسے
کنارے پہ میں کھینچ لایا اسے

بادل گرجے
بادل گرجے
بادل گرجے
سنتے ہو؟
سنتے ہو؟
تر تر تر تر پانی
تر تر تر تر پانی
ہم بھیگے، تم بھیگے
ہم سب بھیگے

چندا ماما دور کے

چندا ماما دور کے
بڑے پکائے دور کے
آپ کھائیں تھالی میں
منے کو دیں پیالی میں

پیالی گئی ٹوٹ
منا گیا روٹھ
لائیں گے نئی پیالیاں
بجا بجا کے تالیاں
منے کو منائیں گے
ہم دودھ ملائی کھائیں گے

مچھلی کا بچّہ
مچھلی کا بچّہ
انڈے سے نکلا
پانی میں پھسلا ہے
ابو نے پکڑا
امی نے پکایا
ہم سب نے کھایا ہے
بڑا مزا آیا ہے
www.iqbalkalmati.blogspot.com

مچھلی جل کی رانی ہے
مچھلی جل کی رانی ہے
جیون اس کا پانی ہے
ہاتھ لگاؤ تو ڈر جائے گی
باہر نکالو تو مر جائے گی
پانی میں ڈالو تو تیر جائے گی
www.iqbalkalmati.blogspot.com

میرے مالک میرے آقا
اللہ اللہ اللہ اللہ
میرے مالک میرے آقا
پیارا پیارا نام ہے تیرا
کیسا اچھا کام ہے تیرا
تو نے بنائی دنیا ساری
انسان حیوان مٹی پانی
پھول کھلائے پیارے پیارے
اور بنائے چاند ستارے
بخشے ہم کو اماں ابا
گھر بھی دیا ہے اچھا اچھا
میٹھا میٹھا دودھ پلایا
پڑھنا لکھنا خوب سکھایا
کیسا اچھا کام ہے تیرا
کتنا پیارا نام ہے تیرا
www.iqbalkalmati.blogspot.com

اللہ ہے بس پیار ہی پیار
پیار بھرا ہر ایک اشارہ
پیارا اس کا ہر نظارہ
جس نے زمین پہ پیار اتارا
وہ خود ہو گا کتنا پیارا
پیار کا اس کے نہیں شمار
اللہ ہے بس پیار ہی پیار
پھول بنائے پیارے پیارے
تتلی جگنو اور فوارے
جگ مگ کرتے چاند ستارے
اور کہا یہ سب ہیں تمھارے
پیار کا اس کے نہیں شمار
اللہ ہے بس پیار ہی پیار
برسائی پانی کی دھار
ہم کو دی فصلوں کی بہار
گندم چاول مکئی انار
سیب خوبانی آم انار
پیار کا اس کے نہیں شمار
اللہ ہے بس پیار ہی پیار

بلبل کا بچہ
بلبل کا بچہ
کھاتا تھا کھچڑی
پیتا تھا پانی
بلبل کا بچہ
اک دن اکیلا
بیٹھا ہوا تھا
میں نے اڑایا
واپس نہ آیا
بلبل کا بچہ
www.iqbalkalmati.blogspot.com

چنا منا دو چوزے تھے

چنا منا دو چوزے تھے
ایک دن دونوں گھر سے نکلے
دانہ چگنے باغ میں آئے
چنا اک دانے پر لپکا
منے نے اک کیڑا دیکھا
پتلا پتلا لمبا لمبا
چنے نے منے کو بلایا
دونوں نے کیڑے کو پکڑا
زور سے پکڑا زور سے کھینچا
کیڑا باہر کھنچتا آیا
باہر نکلا تو کیا دیکھا
اتنا موٹا تازہ چوہا
چنا منا ڈر کے بھاگے
چنا پیچھے منا آگے

عید مبارک پیارے بچوں
عید مبارک پیارے بچوں عید مبارک
اے اس دیس کے سارے بچوں عید مبارک
ملی ہے تم کو عید کی خوشیاں
اک دوجے کی دید کی خوشیاں
گلے ملے ہو تم پیاروں سے
اپنے دوستوں اور یاروں سے
عید مبارک پیارے بچوں عید مبارک
اے اس دیس کے سارے بچوں عید مبارک
میٹھی عید کا دن جب آئے
خوب سویاں ہمیں کھلائے
ابو امی بھائی بہنیں
اچھے اچھے کپڑے پہنیں
عید مبارک پیارے بچوں عید مبارک
اے اس دیس کے سارے بچوں عید مبارک
www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہاتھی
دو موٹے موٹے پاؤں
دو موٹے موٹے ہاتھ
چھوٹی سی ایک دم ہے
اور لمبی سی ہے ناک
دو گول گول سی آنکھیں
اور بڑے بڑے سے کان
پیٹ ہے اس کا موٹا
اور لمبے لمبے دانت
بچوں کا ہے ساتھی
نام ہے اس کا ہاتھی

ہم تو سو رہے تھے
ہم تو سو رہے تھے ہمیں مرغے نے جگایا
بولا ککڑوں کوں ککڑوں کوں
ہم تو سو رہے تھے ہمیں بکری نے جگایا
بولی میں میں میں
ہم تو سو رہے تھے ہمیں چڑیا نے جگایا
بولی چوں چوں چوں
ہم تو سو رہے تھے ہمیں بلی نے جگایا
بولی میاؤں میاؤں میاؤں
www.iqbalkalmati.blogspot.com

کالی کالی بھیڑو
کالی کالی بھیڑو اون ہے کیا
جی ہاں جی ہاں تین تھیلیاں
ایک ماسٹر جی کی
ایک بھائی جان کی
اور ایک چھوٹے بچے کی
جو رہتا ہے وہاں

مچھلی کا بچہ
مچھلی کا بچہ
انڈے سے نکلا
پانی میں پھسلا
ابو نے پکڑا
بھیا نے کاٹا
امی نے پکایا
ہم سب نے کھایا
بڑا مزہ آیا
www.iqbalkalmati.blogspot.com

میری امی
صاف اور ستھرے اجلے اجلے پیارے پیارے
اچھے اچھے پہناتی ہیں مجھ کو کپڑے
کتنی پیاری میری امی
کتنی پیاری میری امی
روٹی چاول سالن چائے
سب کچھ خود ہی گھر میں پکائے
مجھ کو کھلائے سب کو کھلائے
کتنی پیاری میری امی
www.iqbalkalmati.blogspot.com

ابولائے موٹر کار
ابولائے موٹر کار
جس کے نیچے پہیے چار
چابی سے یہ چلتی ہے
پاں پاں پاں پاں کرتی ہے
آگے جائے پیچھے جائے
دائیں بائیں یہ مڑ جائے
www.iqbalkalmati.blogspot.com

مرغی
چوں چوں کرتی آئی مرغی
اپنی فوج کو لائی مرغی
فوج میں اس کے بچے سارے
ننھے منے پیارے پیارے
اپنی ماں کو جانتے تھے وہ
بولی بھی پہچانتے تھے وہ
اڑتی اڑتی چیل جو آئی
دیکھتے ہی مرغی چلائی
چیخ کو سن کر بچے بھاگے
کچھ پیچھے کچھ ماں کے آگے
مرغے نے اپنے پر پھیلائے
بچے ان کے نیچے آئے
بچوں کو چھاتی سے لگایا
سب کو اپنے پروں میں چھپایا
دانہ دنکہ جو کچھ پایا
آپ نہ کھایا ان کو کھلایا
www.iqbalkalmati.blogspot.com

پانچ چوہے گھر سے نکلے
پانچ چوہے گھر سے نکلے کرنے چلے شکار
ایک چوہا رہ گیا پیچھے باقی رہ گئے چار
چار چوہے جوش میں آکر لگے بجانے بین
اک چوہے کو آئی کھانسی باقی رہ گئے تین
تین چوہے ڈر کر بولے گھر کو بھاگ چلو
اک چوہے نے بات نہ مانی باقی رہ گئے دو
دو چوہے جو مل کر بیٹھے دونوں ہی تھے نیک
اک چوہے کو کھا گئی بلی باقی رہ گیا ایک
ایک چوہا جو رہ گیا باقی کر لی اس نے شادی

بادل گرجے
بادل گرجے گڑ گڑ گڑ
گڑ گڑ گڑ گڑ گڑ گڑ
بجلی کڑکے کڑ کڑ کڑ
کڑ کڑ کڑ کڑ کڑ کڑ
پتے ہلتے سر سر سر
مینڈک بولے ٹر ٹر ٹر
بچے بھاگے دم دم دم
پانی برسے چھم چھم چھم
www.iqbalkalmati.blogspot.com

سورج
صبح کو روشن ہو جائے
شام کو جلدی چھپ جائے
سردی میں گرمی پہنچائے
گرمی ہو تو پسینہ آئے
سردی گرمی اور بہار
سورج کی کیا بات ہے یار
اس سے بنے ہیں ہے یہ دن رات
ایک ہفتے میں یہ دن ہیں سات
سورج کیا نعمت ہے
اللہ کی یہ رحمت ہے
سردی گرمی اور بہار
سورج کی کیا بات ہے یار
www.iqbalkalmati.blogspot.com

صبح کی آمد
خبر دن کے آنے کی میں لا رہی ہوں
اجالا زمانے میں پھیلا رہی ہوں
بہار اپنی مشرق سے دکھلا رہی ہوں
پکارے گلے صاف چلا رہی ہوں
اٹھو سونے والو کہ میں آ رہی ہوں
خبر دن کے آنے کی میں لا رہی ہوں
اذاں پر اذاں مرغ دینے لگا ہے
خوشی سے ہر اک جانور بولتا ہے
درختوں کے اوپر عجب چہچہا ہے
سہانہ ہے وقت اور ٹھنڈی ہوا ہے
www.iqbalkalmati.blogspot.com

ایک تھا تیتر ایک بٹیر
ایک تھا تیتر ایک بٹیر
لڑنے میں تھے دونوں شیر
لڑتے لڑتے ہو گئی گم
ایک کی چونچ ایک کی دُم
www.iqbalkalmati.blogspot.com

اٹھو بیٹا آنکھیں کھولو
اٹھو بیٹا آنکھیں کھولو
بستر چھوڑو اور منہ دھولو
اٹھو بیٹا آنکھیں کھولو
بستر چھوڑو اور منہ دھولو
اتنا سونا ٹھیک نہیں ہے
وقت کا کھونا ٹھیک نہیں
سورج نکلا تارے بھاگے
دنیا والے سارے جاگے
پھول کھلے ہیں
سرخ سفید اور نیلے پیلے
تم بھی اٹھو باہر جاؤ
اچھے وقت کا لطف اٹھاؤ
اٹھو بیٹا آنکھیں کھولو
بستر چھوڑو اور منہ دھولو
www.iqbalkalmati.blogspot.com